



"وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً"

[لقمان :20]

# شفا کی دعائیں

## نظر

عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ام سلمہ رضی اللہ عنہا زوجہ نبی ﷺ کے گھر گئے۔
گھر میں بچہ رو رہا تھا تو لوگوں نے آپ سے کہا کہ اس کو نظر لگ گئی ہے۔
آپ ﷺ نے فرمایا: تم اس کو نظر کا دم کیوں نہیں کرتے

## نظر کیا ہے؟

- اللہ تعالیٰ نے انسانی نگاہوں میں خصوصی تاثیر رکھی ہے، یہی نگاہیں کبھی انسان کے لیے اجر و ثواب کا باعث اور کبھی اس کے گناہ کا باعث بنتی ہیں،
- کبھی یہ نگاہیں انسان کو شدید نقصان پہنچاتی ہیں،

قرآن کریم نے بھی انسانی نگاہوں کے نقصانات کو ذکر فرمایا ہے

- وَإِن يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُواْ لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُواْ الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ (القلم:51)

اور وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا یقیناً قریب ہیں کہ تجھے اپنی نظروں سے (گھور گھور کر) ضرور ہی پھسلا دیں، جب وہ ذکر کو سنتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یقیناً یہ تو دیوانہ ہے۔

AL-HUDA
Publications (Pvt) Ltd.

# نظر

· ابن عباس رضی اللہ عنہما وغیرہ اس کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ اس کا مطلب ہے کہ وہ اپنی نگاہوں سے تمہیں نظرِ بد لگا دیں گے۔
· ابن کثیر کہتے ہیں کہ اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ عزوجل کے حکم سے نظر کا لگ جانا اور اس کی تاثیر کا پیدا ہو جانا برحق ہے۔

عَنْ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعَيْنُ حَقٌّ

[صحیح البخاری: 5740]

نبی ﷺ نے فرمایا: نظر لگنا برحق ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:
نظر بد آدمی کو قبر میں اور اونٹ کو ہانڈی میں پہنچا دیتی ہے۔

[السلسلة الصحيحة:1249 ]

# شفا کی دعائیں

## نظر

ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک نظر بد آدمی کو اللہ کے حکم سے دیوانہ کر دیتی ہے۔

[السلسلة الصحيحة : 737]

ابن القیم کہتے ہیں: یہ زہریلے تیر ہوتے ہیں جو کہ محسود اور نظر لگائے ہوئے شخص کی طرف حاسد اور نظر لگانے والے کے نفس سے نکلتے ہیں، کبھی اس کو یہ تیر لگ جاتے ہیں اور کبھی اس سے خطا ہو جاتے ہیں۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعا روایت ہے کہ تم اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے ان کو رازداری میں رکھ کر مدد حاصل کرو بے شک ہر صاحب نعمت حسد کیا جاتا ہے

[السلسلة الصحيحة: 1453].

· ابوہریرہ رضي اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی کو اس کی شادی کی مبارک باد دیتے تو فرماتے:

بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ، وَبَارَکَ عَلَیْکَ، وَجَمَعَ بَیْنَکُمَا فِي خَیْرٍ،

اللہ تمہیں برکت دے، تم پر اپنی برکت فرمائے اور تم دونوں کو خیر کے ساتھ اکٹھا رکھے؟

[سنن أبي داود:2130]

بارك الله لهما وبارك عليهما وجمع بينهما في خير

# شفا کی دعائیں

## نظر

· عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ گھر تشریف لائے تو ایک بچے کے رونے کی آواز سنی، نبی ﷺ نے فرمایا یہ بچہ کیوں رو رہا ہے؟ تم اس کی نظر کیوں نہیں اتارتے؟ [مسند احمد:24442]

· ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ”سانپوں کو قتل کر دو اور (خصوصاً) دو سفید لکیروں والے اور دم بریدہ کو، کیونکہ یہ حمل گرا دیتے ہیں اور بصارت زائل کر دیتے ہیں۔“ [صحیح مسلم:5825]

· ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کتے جنات میں سے ہیں پس جب یہ تمہیں (کھانے کے وقت) پا لیں تو ان کے سامنے کوئی (کھانے کی) چیز ڈال دیا کرو کیونکہ ان کی نظر بد لگ جاتی ہے۔



## نظر کا دم

**اللَّهُمَّ أَذْهِبْ عَنْهُ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا وَوَصَبَهَا**

اے اللہ! اس سے اس (نظر) کی گرمی و سردی اور بیماری ولاغری دُور کر دے۔

السلسلة الصحيحة:2572

دعائیں

AL-HUDA
Publications (Pvt) Ltd.



## نظر کا دم

### اللّٰهُمَّ أَذْهِبْ عَنْهُ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا وَوَصَبَهَا

اے اللہ! اس سے اس (نظر) کی گرمی و سردی اور بیماری ولاغری
دُور کر دے۔

· عبداللہ بن عامر کہتے ہیں کہ عامر بن ربیعہ اور سہل بن حنیف دونوں غسل کرنے کے ارادے سے نکلے وہ کوئی اوٹ تلاش کر رہے تھے۔ سہل نے اون کا جبہ اتارا۔

· (عامر کہتے ہیں کہ) جب میں نے اسے دیکھا تو اسے میری نظر لگ گئی۔ وہ پانی میں اتر کر نہانے لگ گیا میں نے پانی میں اس کے بڑبڑانے کی آواز سنی۔ میں اس کے پاس آیا۔ اسے تین دفعہ آواز دی لیکن اس نے جواب نہ دیا۔

· پھر میں نبی ﷺ کے پاس آیا اور ساری بات بتائی۔ آپ ﷺ تشریف لائے اور پانی میں داخل ہو گئے گویا کہ میں اب بھی آپ کی پنڈلیوں کی سفیدی دیکھ رہا ہوں۔

· آپ نے اس کے سینے پر تین دفعہ ہاتھ مارا اور پھر یہ دعا دی: اللھم أذھب عنه حرھا و بردھا و وصبھا اے اللہ! اس کی گرمی و سردی اور بیماری ولاغری دور کر دے۔ پھر کھڑے ہوئے اور فرمایا: جب کسی کو اپنے بھائی کا وجود یا کوئی مال پسند آئے تو اس کے لیے برکت کی دعا کرے کیونکہ نظر لگ جانا حق ہے۔ [السلسلة الصحيحة:2572]

## اس حدیث سے حاصل ہونے والے فوائد

### نظر کا لگنا حق ہے

### نظر بد لگنے کی صورت میں علاج

· حدیث میں نبی ﷺ نے نظر بد لگنے کی صورت میں یہ دعا سکھائی ہے:

"اللّٰهُمَّ أذهب عنه حرها و بردها و وصبها"

(اے اللہ! اس کی گرمی و سردی اور بیماری ولاغری دور کر دے)۔

### نبی ﷺ کی تواضع

# شفا کی دعائیں

اَللّٰھُمَّ أَذْھِبْ عَنْہُ حَرَّھَا وَبَرْدَھَا وَوَصَبَھَا

اے اللہ! اس سے اس (نظر) کی گرمی و سردی اور بیماری ولاغری دُور کر دے۔

## اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنْہُ حَرَّھَا

### حرّ

گرمی، حرارت، سوزش، تیزی

نظر بد کی وجہ سے جسم میں پیدا ہونے والی حرارت، جلن، اور بے چینی

## وَبَرْدَھَا

### برد

سردی، ٹھنڈک

نظر بد کی وجہ سے جسم میں پیدا ہونے والی کمزوری، اور ٹھنڈک کا احساس ہو سکتا ہے۔ بعض اوقات نظر بد جسم کو اس قدر کمزور کر دیتی ہے کہ انسان سردی محسوس کرنے لگتا ہے

## وَوَصَبَھَا

### وصب

بیماری، تکلیف، درد، مسلسل لاغری

نظر بد کی وجہ سے پیدا ہونے والی کوئی بھی جسمانی یا ذہنی بیماری ہو سکتی ہے۔ نظر بد بعض اوقات انسان کو اس قدر بیمار کر دیتی ہے کہ وہ چلنے پھرنے سے بھی قاصر ہو جاتا ہے

# شفا کی دعائیں


## نظر کا دم

- اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی حمد و ثنا کرنے کے بعد نبی کریم ﷺ پر درود و سلام بھیجیں۔
- سورۃ الفاتحہ سات مرتبہ پڑھیں اور ہر بار ہاتھوں پر پھونک کر پورے جسم پر پھیریں۔
- آیۃ الکرسی ایک مرتبہ پڑھ کر پھونکیں۔
- سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیات ایک مرتبہ پڑھ کر پھونکیں۔




وَدَّ كَثِيرٞ مِّنۡ أَهۡلِ ٱلۡكِتَٰبِ لَوۡ يَرُدُّونَكُم مِّنۢ بَعۡدِ إِيمَٰنِكُمۡ كُفَّارًا حَسَدٗا مِّنۡ عِندِ أَنفُسِهِم (x3)

بہت سے اہل کتاب چاہتے تھے کاش! وہ تمہیں تمہارے ایمان کے بعد اپنے دلوں کے حسد کی وجہ سے پھر کافر بنا دیں۔




أَمۡ يَحۡسُدُونَ ٱلنَّاسَ عَلَىٰ مَآ ءَاتَىٰهُمُ ٱللَّهُ مِن فَضۡلِهِۦۖ فَقَدۡ ءَاتَيۡنَآ ءَالَ إِبۡرَٰهِيمَ ٱلۡكِتَٰبَ وَٱلۡحِكۡمَةَ وَءَاتَيۡنَٰهُم مُّلۡكًا عَظِيمٗا (X7)

یا وہ لوگوں سے اس پر حسد کرتے ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دیا ہے، تو ہم نے تو آلِ ابراہیم کو کتاب اور حکمت عطا فرمائی اور ہم نے انہیں بڑی سلطنت عطا فرمائی